نقد و نظر

ترجمان القرآن۔ جلد سوم

از : مولانا ابوالکلام آزاد

ناشر : اسلامی اکادمی - اردو بازار ، لاہور

کاغذ ، کتابت ، طباعت ، جلد بہترین۔

صفحات ۶۶۵+۹۰ (۷۵۵) قیمت ۸۰ روپے

مولانا ابوالکلام آزاد کو میدانِ علم و فضل میں نابغۂ روزگار کی حیثیت حاصل ہے - ان کی تصنیفات میں تفسیر " ترجمان القرآن " نہایت بلند مرتبے کی تفسیر ہے - اس کی صرف دو جلدیں شائقینِ تفسیر کے مطالعہ میں آسکیں - دوسری جلد سورۂ " مومنون " پر ختم ہوئی - افسوس ہے ، اس سے آگے (سورۂ نور سے سورۂ والناس تک) یہ تفسیر یا تو مولانا اپنی گوناگوں مصروفیات کی بنا پر لکھ نہ سکے یا مسودہ کسی وجہ سے کتابت و طباعت کے مرحلے سے گزر نہ سکا۔ لیکن اب اس کا کچھ حصہ اسلامی اکادمی لاہور نے شائع کر دیا ہے - یہ وہ حصہ ہے جو سورۂ نور سے آگے کی ان آیات اور ان کے تراجم و تشریح پر مشتمل ہے ، جو الہلال ، البلاغ اور ترجمان القرآن کے مختلف مضامین و مقالات میں درج ہیں - نامور عالم مولانا محمد عبدہٗ نے اس کو مربوط و مرتب کر دیا ہے اور جن آیات کے ترجمہ و تفسیر کے سلسلے میں مولانا آزاد کی کوئی تحریر فراہم نہیں ہو سکی ، وہاں مولانا محمد عبدہٗ نے تسلسل کو قائم رکھنے کی غرض سے توضیحی نوٹ لکھ دیے ہیں۔

مولانا آزاد ، ان کی علمی خدمات اور قرآن کے سلسلے میں ان کی بے مثال کاوشوں کا تعارف مشہور محقق ڈاکٹر ابوسلمان شاہ جہان پوری نے کرایا ہے جو اس کتاب کے آغاز میں چالیس صفحات پر محیط ہے اور قابلِ مطالعہ ہے۔

مولانا محمد حنیف ندوی نے کتاب کا مقدمہ تحریر فرمایا ہے جو تفسیر اور فنِ تفسیر سے متعلق ہے